
IGI Life | Window Takaful Operations — Vitality

## آئی جی آئی لائف-WTO
# المال تکافل پلان
جھنجھٹ سے پاک سرمایہ کاری اور تحفظ




المال تکافل پلان جھنجھٹ سے پاک سنگل زرتعاون پلان ہے جوسرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ آپ کو تحفظ بھی فراہم کرتا ہے۔ پلان شریعہ کمپلائنس میں سرمایہ کاری کا عظیم موقع فراہم کرنے کے ساتھ قابل اسطاعت تکافل فوائد اور بغیر کسی اپ فرنٹ آلوکیشن کے شریک تکافل کے اکاؤنٹ ویلیو میں ادا شدہ زرتعاون کی 100 فیصد منتقلی کی پیش کش کرتا ہے۔

یہ پلان آئی جی آئی لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے پیش کی جارہا ہے اور اسے خصوصی طور پر سٹینڈرڈ چارٹرڈ کے صارفین کیلئے تیار کیا گیا ہے۔ یہ پلان صرف سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک کی برانچوں سے ہی دستیاب ہے۔

**پراڈکٹ کی وضاحت:** یہ ایک فیملی تکافل پراڈکٹ ہے جو دو بنیادی عناصر یعنی تکافل تحفظ اور سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس پراڈکٹ کی سرمایہ کاری اس فنڈ کی کارکردگی سے مشروط ہے جس میں اس فنڈ کی سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

### فری لک دورانیہ
اگر آپ شریک تکافل کے دستاویز کی موصولی کی تاریخ سے 14 روز کے فری لک دورانیہ میں اپنی رکنیت کو منسوخ کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کا زرتعاون مکمل ریفنڈ کر دیا جائے گا۔ ریفنڈ کی رقم میں سے آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے کئے جانے والے آپ کے علاج یا طبی معائنہ سے منسلک اخراجات اگر کوئی ہیں وہ منہا کئے جائیں گے۔

### تکافل کیا ہے؟
تکافل باہمی تعاون اور مدد کے لیے زمانہ قدیم سے رائج اسلامی تصور ہے جس میں شریعہ ایڈوائزرز کی زیرنگرانی آج کے دور کی جدید ایکچوریل سائنس، انڈررائٹنگ اور سرمایہ کاری کا تصور شامل کیا گیا ہے۔ یہ شریعہ کے اصولوں کے مطابق موت، معذوری یا بیماری کی صورت میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا طریقہ ہے۔




### تکافل رکنیت کیسے کام کرتی ہے؟
IGI لائف۔ونڈو تکافل آپریشن، وکالہ وقف ماڈل پر مبنی ہے۔ معاشرے میں موجود انفرادی افراد ایک مشترکہ مقصد کے تحت آگے بڑھتے ہیں اور مستقبل میں آنے والے ہونے والے مالی نقصانات سے ایک دوسرے کو تحفظ فراہم کرتے ہیں۔

### سرپلس کی تقسیم
تکافل فنڈ کے شرکاء وقف کی شرائط کے مطابق فنڈ کے سرپلس میں حصہ دار ہو سکتے ہیں۔ شریک تکافل پارٹسپنٹ کو سرپلس شیئرنگ کی منفرد خصوصیت، پلان کے بنیادی فوائد کے علاوہ حاصل ہوتی ہیں۔ ہر سال کے اختتام پر شریعہ ایڈوائزری ایکچوری سے منظوری کے بعد IGI لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز، PTF میں سرپلس (اگر کوئی ہے) کا تعین کرتے ہیں۔

### المال تکافل میں تکافل کے فوائد
**وفات کی صورت میں فائدہ:**
شریک تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں مجموعی مالیت یا مجموعی زرِتکافل میں جو بھی زیادہ ہو اور اس کے ساتھ اکاؤنٹ ویلیو میں جمع شدہ ٹاپ۔اپ اماؤنٹس (اضافی ضمنی جمع شدہ رقم) اور اس کے ساتھ ونڈو تکافل آپریشنز کی پی ٹی ایف رکنیت کے مطابق سرپلس (اگر کوئی ہے)

### رکنیت کی میعاد مکمل ہونے پر فوائد
رکنیت کی میعاد مکمل ہونے پر سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں موجودہ مالیت کی رقم بمعہ ٹاپ۔اپ اماؤنٹ کی اکاؤنٹ ویلیو (اگر کوئی ہے)، شریک تکافل کو ادا کی جائے گی۔

### بنیادی مجموعی زرِتکافل
یہ کم سے کم رقم ہے جو شریک تکافل کی موت کی صورت میں ادا کی جاتی ہے۔ بنیادی مجموعی زرِتکافل بنیادی زر تعاون کا حاصل ضرب ہے جو مندرجہ ذیل فہرست کے مطابق عمر پر منحصر ہے:

| عمر | بنیادی زرِتکافل کا حاصل ضرب | |
|---|---|---|
| | کم ازکم | زیادہ سے زیادہ |
| 18 سے 65 | 1.25 | 2 |
| 66 سے زیادہ | 1.25 | 1.25 |

### میچورٹی کے فوائد
رکنیت کی مدت کی تکمیل پر شریک تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں موجود مالیت بمعہ شریک تکافل کی اکاؤنٹ کی مالیت (اگر کوئی ہے) شریک تکافل کو ادا کی جائے گی۔

### مکمل دستبرداری
شرکاء کو مکمل اختیار حاصل ہے کہ وہ PIA میں اپنے تمام یونٹس حاصل کر کے اپنی رکنیت کو معطل کر سکے۔ مکمل دستبرداری (surrender) کی صورت میں، تمام یونٹس بولی کی قیمت پر ادا کیے جائیں گے اور رکنیت معطل کر دی جائے گی۔ اس مرحلے پر پر مکمل دستبرداری کی حقیقی لاگت فیس لاگو ہو جائے گی۔۔ ٹاپ اپ ادائیگیوں کی صورت میں سالوں کا حساب ٹاپ اپ ادائیگی کی تاریخ اجرا سے لگایا جائے گا

### جزوی دستبرداری
اکاؤنٹ ویلیو میں جزوی دستبرداری رکنیت کے دوران کسی بھی وقت شرائط وضوابط کے مطابق یونٹوں کی محدود تعداد کو کیش کرا کے کی جاسکتی ہے۔ جزوی دستبرداری کو مستقل دستبرداری تصور کیا جائے گا جو واپس قابل ادائیگی نہیں ہے۔ جزوی دستبرداری موت کی صورت میں فوائد کو کم کر دے گی۔ کم سے کم 10,000 روپے جزوی طور پر نکلوائے جاسکتے ہیں بشرطیکہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں موجود رقم 50,000 روپے ہو۔

### لائلٹی بونس
اگر رکنیت پانچ سال تک فعال رہتی ہے تو اس صورت میں شریک تکافل لائلٹی بونس کا حقدار ہوگا۔ لائلٹی بونس پانچ سال اور رکنیت کے سال کے بعد ہر پانچ سال بعد سرمای کاری اکاؤنٹ میں مختص کیے جائیں گے۔ رکنیت سالوں کے پہلے چار برسوں کے دوران اگر کسی بھی وقت جزوی دستبرداری کی جاتی ہے تو اس صورت میں لائلٹی بونس نہیں ملیں گے۔ لائلٹی بونس کی شرح مندرجہ ذیل ہیں۔

| لائلٹی بونس سنگل زرتعاون کا فیصد | سال کا اختتام |
|---|---|
| 1 فیصد | پانچویں اور ہر پانچ سالوں بعد |

ٹاپ اپ ادائیگیوں کی صورت میں متعلقہ ٹاپ اپ ادائیگی کی تاریخ اجرا سے تصور کیے جائیں گے۔



### زرِتعاون کی سرمایہ کاری کہاں کی جاتی ہے؟
آپ کے زرِتعاون کی رقم شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری میں لگائی جاتی ہیں۔
آپ کو تین مختلف انداز میں شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی پیش کی جاتی ہیں: محتاط، متوازن اور جارحانہ حکمتِ عملی کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں۔

| آئی جی آئی تکافل محتاط فنڈ |
|---|
| **فنڈ کی نوعیت:** انکم فنڈ – تکافل (شریعت کے مطابق) |
| **یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل):** کم |
| اس فنڈ کے اثاثہ جات میں شریعت کے مطابق حکومتی اور / یا دیگر محفوظ سرمایہ کاری شامل ہے۔ اس حکمتِ عملی کے تحت اسٹاک مارکیٹ میں بہت کم سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ |
| **شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری:** 100% |

| آئی جی آئی تکافل متوازن فنڈ |
|---|
| **فنڈ کی نوعیت:** متوازن فنڈ – تکافل (شریعت کے مطابق) |
| **یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل):** اوسط |
| اس حکمتِ عملی کے تحت شریعت کے مطابق اسٹاک، حکومتی سیکیورٹیز اور / یا دیگر محفوظ سرمایہ کاری کے ذریعے کیپیٹل میں مستحکم بڑھوتری حاصل کی جاتی ہے، اس فنڈ میں موجود اثاثہ جات کا امتزاج یہ ہے: |
| **شریعت کے مطابق اسٹاک مارکیٹ فنڈ:** 0% سے 40% |
| **شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری:** 60% سے 100% |

| آئی جی آئی تکافل جارحانہ فنڈ |
|---|
| **فنڈ کی نوعیت:** جارحانہ فنڈ – تکافل (شریعت کے مطابق) |
| **یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل):** زیادہ |
| اس حکمتِ عملی کے تحت زیادہ تر شریعت کے مطابق شیئرز میں سرمایہ کاری کر کے طویل المدت کیپیٹل بڑھوتری حاصل کی جاتی ہے۔ اس فنڈ میں موجود اثاثہ جات کا امتزاج یہ ہے: |
| **شریعت کے مطابق اسٹاک مارکیٹ فنڈ:** 60% سے 70% |
| **شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری:** 30% سے 40% |

ہر حکمتِ عملی کے تحت آپ کا ایک سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہوتا ہے۔ آپ اپنی سرمایہ کاری اپنی مرضی کے مطابق یونٹس کی خریداری کی صورت میں زرتعاون کی شرح مختص کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی ضرورت اور ترجیحات کے مطابق سرمای کاری حکمت عملی میں سرمایہ کاری کر کے اپنی سرمایہ کاریوں کو مینج کر سکتے ہیں۔ آپ مخصوص شرائط کے تحت اپنے سرمایہ کاری فنڈ کو منتقل کر سکتے ہیں۔ براہِ مہربانی نوٹ کر لیں کہ سرمایہ کاری کو لاحق خطرات شرکاء کو خود برداشت کرنے ہوں گے اور ساتھ ہی اصل مدت کے مکمل ہونے پر یا شرکت کو چھوڑنے پر اکاؤنٹ کے متوقع اعداد وشمار میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔

### یونٹ لنکڈ فنڈ کا اختیار
رکنیت کے اجراء کے وقت یونٹس کی سرمایہ کاری کم رسک والے فنڈ میں کی جائے گی۔ رکنیت کے اجراء کے بعد بغیر کسی اضافی چارجز کے شریک تکافل کو رسک کی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی مرضی کے مطابق فنڈ کے انتخاب کا حق حاصل ہے۔ نئے فنڈ کو شریک تکافل کی صوابدید پر مختلف فنڈ کے امتزاج سے تشکیل دیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس امتزاج کا مجموعہ 100% ہو۔

### سرمایہ کاری فنڈز کے درمیان منتقلی
ایک شریک تکافل رکنیت کی مدت کے دوران لاتعداد بار مختلف حکمت عملیوں کے مابین اپنی اکاؤنٹ ویلیو کو تبدیل کر سکتا / کر سکتی ہے۔ اس صورت میں ایک حکمت عملی سے یونٹ موجودہ بڈ پرائس پر کیش کرائے جائیں گے اور بڈ پرائس پر مطلوبہ حکمت عملی میں مختص کیے جائیں گے۔ اس طریقے سے ایک شریک تکافل تبدیل ہوتی مالی حالت اور زیادہ سے زیادہ منافع کیلئے اپنی حکمت عملی تبدیل کر سکتا ہے۔ ہر منتقلی پر معمولی سی پراسسنگ فیس کا قابل اطلاق ہوگی۔

### یونٹ پرائس کی اشاعت
**تمام حکمت عملیوں کے تحت یونٹ کی قیمتوں کو www.igilife.com.pk پر دیکھا جاسکتا ہے:**
جتنا زیادہ عرصہ پالیسی جاری رہے گی، فوائد بھی اتنے ہی زیادہ ہوں گے۔ پلان، چوتھے سال سے آغاز کرتے ہوئے اضافی یونٹ فراہم کرتا ہے۔ اضافی یونٹ کی تخصیص اس طراح ہوگی:

### یونٹ کی پرائسنگ کا طریقہ کار:
کمپنی کے پاس موجود فنڈز کی مالیت روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ ویلیو کے اعتبار سے لگائی جاتی ہے۔ انڈررائٹنگ ڈپارٹمنٹ تمام درخواستوں کو طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مکمل کرتا ہے تکافل رکنیت تیار کرتا ہے۔ یونٹ کی مالیت کے تعین کی ہر تاریخ کو موصول ہونے والا تمام صافی زرتعاون (جو وصول شدہ زرتعاون کلیمز، دستبرداری اور فنڈ کی منتقلی کو ظاہر کرتا ہے) اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کو فراہم کیا جاتا ہے، جو اس تمام زرتعاون کو اُسی دن مجموعی فنڈز کے لیے اسلامک میوچل فنڈ کے یونٹس کی خریداری کے لیے استعمال کرتا ہے۔

یونٹ کی مالیت کے تعین کے دن کے آخر میں مجموعی فنڈ کے اثاثہ جات کی صافی ویلیو کا اس وقت تک کی فراہم کردہ میوچل فنڈز کی قیمتوں کے اعتبار سے دوبارہ حساب کیا جاتا ہے۔ اس حساب کردہ اثاثہ جات کی صافی ویلیو کو نظر ثانی شدہ بڈ اور آفر (بڈ پرائس کا 105%) پرائس کو جاننے کے لیے مجموعی فنڈ میں موجود یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ میوچل فنڈ میں کی جانے والی اضافی سرمایہ کاری کو مجموعی فنڈ کے اضافی یونٹس کی تعداد معلوم کرنے کے لیے (جیسا کہ اوپر حساب کیا گیا ہے) مجموعی فنڈ کے موجودہ یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ مجموعی فنڈ کی قیمتیں، جن کا حساب یونٹس کی مالیت کے تعین کی تاریخ کے اختتام پر میوچل فنڈ کی قیمت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے ان کا اگلی صبح سسٹم میں اندراج کیا جاتا ہے اور تمام ٹرانزیکشنز یعنی تکافل رکنیت کے حصول، دستبرداری اور منتقلی وغیرہ کے لحاظ سے یونٹس کی ایلوکیشن اسی اعتبار سے کی جاتی ہے۔ مجموعی فنڈ کی قیمتیں جن کا اندراج سسٹم پر کیا گیا ہے وہ شرکاء تکافل کی آگاہی کے لیے ویب سائٹ پر روزانہ کی بنیاد پر اپڈیٹ کی جاتی ہیں اور تکافل رکنیت کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لیے فیلڈ فورس کو بھی فراہم کی جاتی ہے۔

### اہم تفصیلات
**اہلیت اور رکنیت کی مدت**
شریک تکافل کی کی کم ازکم عمر کی حد 18 سال اور زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 85 سال ہے۔ رکنیت کا دورانیہ 5 سال سے لے کر 95 سال کی عمر تک طویل کیا جاسکتا ہے۔

**کم ازکم سنگل زرِتعاون**
کم ازکم سنگل زرِتعاون 50,000 روپے ہے۔



### اضافی زرتعاون
یہ پلان ایک سنگل زرتعاون کا پلان ہے لیکن اگر کوئی شریک چاہے تو اضافی ضمنی زرِتعاون فنڈ جمع کرواسکتا ہے جو کہ رکنیت میں یکمشت/اضافی زرِتعاون کی صورت میں ہوگی۔
یہ یکمشت اضافی زرِتعاون "ٹاپ۔اپ اماؤنٹس" کی صورت میں کبھی بھی کی جاسکتی ہیں۔ ٹاپ اپ کی ادائیگیاں رکنیت کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت میں اضافہ کریں گی لیکن بنیادی زرتکافل اس سے متاثر نہیں ہوگا۔ ٹاپ اپ رقم کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ سے مشروط ہے جسے تکافل آپریٹر کی طرف سے وقتاً فوقتاً تعین کی جاتا ہے۔

ٹاپ۔اپ ادائیگی کیلئے کی کم ازکم رقم 50,000 روپے ہے جبکہ زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔

### مستثنیات
ایک سال کے اندر خودکشی کی صورت میں رکنیت میں کوئی تحفظ نہیں دیا جائے گا۔
رکنیت کے حصول کے وقت مادی حقائق کو چھپایا گیا ہو۔

### چارجز
پلان پر مندرجہ ذیل چارجز لاگو ہوں گے۔

| | |
|---|---|
| بولی/ آفر اسپریڈ | کوئی نہیں |
| آلوکیشن فیس | کوئی نہیں |
| وکالہ الاستثمار فیس | شرکاء سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی ویلیو کا 0.15% ماہانہ (3-1 سال)<br>شرکاء سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی ویلیو کا 0.125% ماہانہ (4 سال اور سے زائد) |
| جلدی دستبرداری پر وکالہ فیس | (سنگل زرتعاون/ ٹاپ اپ کا فیصد پہلے سال۔ 5 فیصد، دوسرے سال۔ 3 فیصد، تیسرے سال۔ کوئی نہیں |
| مضارب کا حصہ | PTF کی سرمایہ کاری آمدنی میں 40 فیصد شیئر |
| تکافل زرتعاون میں | ہر ماہ زرِتکافل کا 35 فیصد |
| تکافل آپریٹر کی مینجمنٹ فیس | منتقلی کی فیس انویسٹمنٹ فنڈز کے درمیان ہر ٹرانسفر پر 500 روپے |
| پراسسنگ فیس | ہر مرتبہ جزوی نکلوانے پر اور مکمل دستبرداری پر 500 روپے |

نوٹ: مذکورہ بالا فیس اور چارجز میں بغیر کسی پیشگی اطلاع کے تبدیلی ہوسکتی ہے۔

## کلیم کیسے داخل کیا جائے
### کلیم داخل کرنے کا طریقہ
کلیم کو داخل کرنے کا ہمارا طریقہ کار انتہائی آسان اور کسی رکاوٹ سے آزاد ہے۔ اس سلسلے میں مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے پالیسی کلیم کو داخل کرتے ہوئے مکمل معاونت حاصل کرنے کے لئے ہماری کسٹمر سروسز ٹیم سے services.life@IGI.COM.PK پر رابطہ کریں۔

ذیل میں مرحلہ وار طریقہ کار دیا جارہا ہے جس پر عمل کر کے آپ اپنا کلیم داخل کر سکتے ہیں۔

### پہلا مرحلہ-تحریری اطلاع
کلیم آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی ویب سائیٹ آن لائن کلیم انٹی میشن پر جا کر دی گئی معلومات فراہم کر کے بغیر کسی تاخیر کے براہ راست داخل کیا جاسکتا ہے جسے کلیم ڈیپارٹمنٹ کو فوری طور پر بھیج دیا جاتا ہے

http://igilife.com.pk/claim-intimation/

پالیسی کے تحت فوائد حاصل کرنے کے لئے کوئی بھی کلیم پالیسی کے مالک/ دعویٰ کنندہ (جیسی بھی صورت ہو)، کی جانب سے اس کے دستخط کے ساتھ تحریری اطلاع جمع کرانے کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔ تحریری اطلاع دیتے وقت ہمیشہ وقوعہ کی تاریخ، واقعہ کی وجہ اور دعویٰ کنندہ کا موجودہ پتہ اور رابطہ نمبر ضرور درج کریں۔

**کلیم نقصان کی تاریخ کے 30 دنوں کے اندر داخل کیا جانا چاہیے۔**

### دوسرا مرحلہ-کلیم فارم کے ساتھ متعلقہ دستاویزات مکمل کریں
وقوعہ کی اطلاع دینے پر آئی جی آئی لائف نقصان کا ثبوت داخل کرنے کے لئے متعلقہ فارمز فراہم کر دے گا۔ جن کا انحصار واقعہ کی نوعیت پر ہوگا۔ ڈیتھ سٹیفکیٹ، رکنیت کے اصل کاغذات، شریک تکافل اور نامزد شریک تکافل کے شناختی کارڈ، ہسپتال ریکارڈ، پولیس رپورٹ اور پوسٹ مارٹم کی پورٹ (صرف حادثہ کی صورت میں) یا آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف طلب کردہ دوسرے کاغذات کلیمز فارمز کے ساتھ منسلک کئے جائیں گے۔ فارمز ہماری ویب سائیٹ سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔

http://igilife.com.pk/investor-relations/claim-forms/

طبی سہولتوں کے کلیمز کے لئے میڈیکل بلوں/ رپورٹس کا انتظام اسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں یا طبی سہولتوں سے متعلق کلیمز کے لئے تمام میڈیکل بل (اصل) اور طبی رپورٹ (نقول)، جو کہ کوالیفائیڈ طبی سہولت دینے والے ڈاکٹر کی طرف سے جاری کی گئی ہو، منسلک کرنا ہوگی۔
توثیق شدہ دستاویزات اصل شکل میں یا کسی سرکاری افسر/ جاری کرنے والی اتھارٹی کی جانب سے مصدقہ نقول کی صورت میں جمع کرائی جاسکتی ہیں۔ دستاویزات کی اصل کاپی معائنہ کے لئے طلب کی جاسکتی ہے۔

### تیسرا مرحلہ
### کلیم فارم کے ساتھ مطلوبہ دستاویز جمع کرائیں
اصل دستاویزات اور فارمز (ہارڈ کاپی) باقاعدہ ہر طرح سے مکمل، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ لازمی طور پر آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ہیڈ آفس کو اس نقصان کے بعد 90 دنوں کے اندر جمع کر دیئے جائیں، جس کے لئے کلیم داخل کیا جارہا ہے۔

### چوتھا مرحلہ-سیٹلمنٹ
کوئی بھی کلیم جتنی جلد ممکن ہو آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے اطمینان کے لئے مکمل کرلیا جائے۔ مکمل دستاویزات کی وصولی کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو کلیم کی ادائیگی کر دی جائے گی۔

**نوٹ:**
برائے مہربانی اس امر کو یقینی بنائیں کہ شریک تکافل کی طرف سے کلیم کی صورت میں تمام دستاویزات اور فارمز آپ کی رکنیت کے اصل تجویزی فارم/سی این آئی سی پر آپ کے دستخط کے مطابق دستخط شدہ ہوں۔

**انتبـــاہ!** اس پروڈکٹ کی انڈررائٹنگ IGI لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت کی گئی ہے۔ اس پروڈکٹ کی ضمانت کی ذمہ داری سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک لمیٹڈ یا اس سے وابستہ افراد (affiliates) کی نہیں ہے اور یہ سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک کی پروڈکٹ نہیں ہے تاہم آئی جی آئی لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز ہی تمام شرکاء کو پیش آنے والے واقعات پر طے شدہ ادائیگی کا ذمہ دار ہے۔ درخواست گزار/ شرکاء کو مکمل طور پر یہ بات سمجھنی اور تسلیم کرنی ہے کہ سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک، IGI۔ لائف کے پروموٹر اور ڈسٹری بیوٹر ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے جو کہ IGI لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز یا اس سے متعلقہ انڈررائٹنگ، فائدے یا نقصان کی نمائندگی اور/ یا کسی بھی صورتحال میں ان سب چیزوں کے لیے قانونی طور پر ذمہ دار اور جوابدہ نہیں ہے۔ امیدوار المال تکافل پلان کثیر المقصد بچت پروڈکٹس میں اپنی ذمہ داری پر حصہ لے سکتا ہے،۔ سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک کسی بھی صورتحال میں کسی رسک، دعوے، نقصان، کلیم یا صارف کے سرمائے پر اثر انداز ہونے والی کسی بھی چیز کا قانونی طور پر ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کسی بھی شریک کے فوائد کی وضاحتی تحریر میں یہ تصور کیا جاتا ہے کہ کیش ویلیو/ اکاؤنٹس ویلیو اور وہ دیگر فوائد کی رقم واجب ہوتے ہی پوری ادا کر دی گئی ہے جبکہ حصہ لینے والوں کی جانب سے دروان ممبر شپ کوئی پیسے نکلوائے نہیں گئے اور حاصل شدہ منافع بیان کیے گئے اندازے کے مطابق ہوسکتا ہے۔ منصوبوں سے حاصل شدہ منافع کی سرمایہ کاری طے شدہ گروتھ فنڈز میں کی جائے گی، ضروری نہیں کہ فنڈز کی ماضی کی کارکردگی اس کے مستقبل کی رہنمائی کر سکے۔ فنڈز کی کارکردگی کے سلسلے میں کسی بھی قسم کا کوئی اندازہ مستقبل میں اس بات کی طرف اشارہ نہیں کر سکتا۔ اس کا ذمہ دار نہ تو IGI لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز ہوگا اور نہ ہی سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک۔ تمام انشورنس کلیم، چارجز اور تمام قابل ادا رقم کی ذمہ داری صرف IGI لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز کی ہے۔ جبکہ سروس چارجز اور ٹیکسز وغیرہ 'شیڈول آف چارجز' اور ٹیکس سے متعلق قوانین اور دیگر متعلقہ اداروں کے مطابق بینک کی جانب سے ویسے ہی لاگو ہوں گے۔

یہ دستاویز معاہدہ نہیں بلکہ محض ایک بروشر ہے۔ شرائط وضوابط کی تفصیلات PMD میں درج ہیں۔

IGI Life | Window Takaful Operations — Vitality

آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ: ساتویں منزل، دی فورم،
سوئٹ نمبر 703-701، G-20، بلاک 9، خیابانِ جامی، کلفٹن کراچی-75600، پاکستان۔
UAN: (+92-21) 111-111-711
ٹیلی فون: (+92-21) 35360040، فیکس: (+92-21) 35290042
ای میل: vitality@igi.com.pk، ویب: www.igilife.com.pk